# 11810 ـ کیا ولیمہ میں خاوند اوربیوی کا حاضر ہونا شرط ہے

**سوال**

کیا خاونداوربیوی کا شادی کی مبارکباد کےوقت موجود ہونا واجب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

اگر تو مبارکباد سے مقصد عقد نکاح ہے تو پھر خاوند اورلڑکی کے والد کا حاضر ہونا شرط ہے اس لیے کہ عقد نکاح ایجاب و قبول کے بغیر ممکن نہیں اورایجاب لڑکی کے ولی کی جانب سے اورقبول خاوند کی جانب سے ہوتا ہے ۔

لیکن اگر مبارکباد سے مراد شادی اورولیمہ کی تقریب ہے تو پھر اس میں کوئي حرج نہیں کہ ان کی وجہ سے یہ تقریب کی جائے چاہے وہ موجود نہ بھی ہوں ۔ .